آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔

خبروں کا بلٹن لےکر میں تجمل احمد

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

15-03-2026 7.40pm

ہیڈ لائنز

*....... ملک بھر میں Quest-2026 My Bharat Budget کا آغاز // وزیر اعظم نریندر مودی کر رہے ہیں ریاستی و یوٹی سطح کے فاتحین کے ساتھ بات چیت۔

*....... لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے دہشت پسندی کے شکار کئی افراد کے لواحقین میں کئے نوکریوں کے آرڈر تقسیم ۔

*....... آکاشوانی نیوز سرینگر کی جانب سے خبروں کے ایک اور اردو بلیٹن کا ہوا آج سے آغاز ۔

اور

*....... صارفین کے حقوق کا عالمی دن آج ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج سے شروع ہونے والے My Bharat Budget Quest-2026 کے ریاستی و یوٹی سطح کے فاتحین کے ساتھ بات چیت کررہے ہیں۔ اس پہل سے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی ہو گی۔ جس سے وہ وِکست بھارت کی تعمیر کے بارے میں اپنا نکتہ نظر ایک دوسرے سے مشترک کرنے کے علاوہ مرکزی بجٹ پر تبادلہ خیال کرسکیں گے۔

واضح رہے کہ My Bharat Budget Quest-2026 کو حوصلہ افزا رد عمل ملا ہے جس میں 12 لاکھ سے زیادہ نوجوان کی شرکت متوقع ہے جبکہ 47 ہزار مضامین جمع کرائے گئے ہے۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انتظامیہ جموں کشمیر میں دہشت پسندی کے شکار افراد کو انصاف فراہم کرنے میں مکمل طور کامیاب ہوئی ہے ۔ دہشت پسندی کے شکار کئی افراد کے لواحقین میں آج نوکریوں کے آرڈر فراہم کرنے کے دوران انہوں نے کہاکہ اس بارے میں التواءمیں پڑے معاملات کو دو بارہ زیر غور لا کر دہشت پسندی میں ملوث افراد کو سزادی جائے گی ۔ انہوں نے کہا کہ ایسے معاملات میں اب تک چار سو کے قریب افراد کو نوکریوں کے آرڈر دئے جا چکے ہیں ۔

ایل جی آرڈر

اس دوران لیفٹنٹ گورنر نے آج جموں کشمیر پولیس کے کرائم برانچ کے فوٹو گرافر کانسٹیبل مرحوم جاوید منصور راتھر کی اہلیہ شبینہ بشیر کو نوکری کا آرڈر سونپا ۔ مرحوم جاوید منصور نوگام پولیس سٹیشن میں ہوئے حادثاتی دھماکے میںشہید ہوئے تھے ۔

ایل جی ملاقات

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے آج سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔

زڈی بل تنویر صادق نے بھی آج ایل جی کے ساتھ ملاقات کی ۔ ایم ایل اے MLA اس کے علاوہ چاڈورہ علی محمد ڈار ، ایم ایل اے پٹن جاوید ریاض بیدار اور ایم ایل اے سونا واری ہلال اکبر لون بھی ان کے ہمراہ تھے ۔

اس دوران Minority Employees Association کشمیرکا ایک وفد نے ایسو سی ایشن کے صدر سنجے کول کی سربراہی میں لیفٹنٹ گورنر سے ملاقی ہوا ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کہا ہے کہ موجودہ سرکار جموں کشمیر کے ہر خطے کی یکساں ترقی کی وعدہ بند ہے ۔ اس بات کا اظہار انہوں نے آج جموں صوبے کے راجوری ضلعے کے سیری بلاک میں Auto Stand Kheri مسجد سے Potha تک لنک روڑ کی تعمیر و تجدید کے کام کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقعہ پر کیا ۔ انہوں نے نوشہرہ کا دورہ کر کے وہاں ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے لینڈ ریکارڈس کی ڈیجیٹائزیشن کے عمل میں سرعت لانے اور اس سے جُڑے دیگر کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے ۔ انہوننے آج جموں میں لینڈ ریکارڈس ڈیجیٹائزیشن کے عمل پر جاری پیش رفت کا جائزہ لیا ۔

چیف سیکریٹری نے اس سلسلے میں لوگوں کی شکایات کا ازالہ کرنے کی بھی ہدایت دی ۔

بلیٹن

آکاشوانی نیوز سرینگر کی جانب سے آج سے اردو خبروں کے نئے بلیٹن کا آغاز ہوا۔دس منٹ کا یہ بلیٹن روزانہ سہ پہر 3 بج کر 50 منٹ پر نشر ہوا کرے گا ۔ آکاشوانی سرینگر کے شعبہ خبر کی اس حصولیابی کا آغازایم ایل اے بانڈی پورہ نظام الدین بٹ، آکاشوانی سرینگر کے سابق ADG بشیر عارف، سابق پروگرام ایگزیکیوٹیو نثار نسیم ، معروف براڈ کاسٹر عبدالرحمان بٹ، سابق پروگرام ایگزیکیوٹیو پیرزادہ ابدال مہجور، پروگرام شہر بین کے ایڈیٹر اور معروف براڈ کاسٹر اشفاق لون ، Extension سکمز صورہ کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی ، سکاسٹ کشمیر کی ڈائریکٹر پروفیسر رئحانہ حبیب کنٹھ ، جموں کشمیر میں نئے میڈیکل کالجوں کے ڈائریکٹر کوآرڈنیشن ڈاکٹر مشتاق احمد راتھر، NIT سرینگر کی انچارج ڈائریکٹر پروفیسر روحی ناز ، اسی ا دارے کے رجسٹرار پروفیسر عتیق الرحمان ، کشمیر یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر نصیر اقبال ، معروف تھیٹر

ڈائریکٹر مشتاق علی احمد خان، شعبہ خبر کے عملے اور دیگر کئی شخصیات کی موجودگی میں کیا گیا ۔ اس موقعہ پر آکاشوانی نیوز سرینگر کے ڈائریکٹر طارق راتھر ،نیوز ایڈیٹر اشفاق احمد شاہ اور کوشکی کشپ بھی موجود تھےں ۔ طارق راتھر نے بلیٹن کی شروعات کے وقت موجود تمام شخصیات کا شکریہ ادا کیا ہے ۔

خبروں کے اس بلیٹن کی شروعات کے سلسلے میں آکاشوانی نیوز کے ڈائریکٹر جنرل راجیو جین نے باضابطہ آرڈر جا ری کیا ہے جس پر آکاشوانی نیوز سرینگر کے ڈائریکٹر طارق راتھر نے اُن کا شکریہ ادا کیا ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کی جانب سے یہ سنگ میل حاصل کرنے پر سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے اپنے ردِ عمل کا اظہار کچھ اس طرح کیا ۔

جموں یونیورسٹی

جموں یونیورسٹی کے صحافت و میڈیا اسٹڈیز شعبےکی جانب سے "صحافت کا ماضی، حال اور مستقبل" کے عنوان سے ایک خصوصی نشست کا انعقاد کیا، جس کی صدارت شعبے کی سربراہ پروفیسر Garima گپتا نے کی۔

گپتا نے کہا کہ اس نوعیت کے پروگرام میڈیا کے طلبا کی سوچ کو Garima اپنے خطاب میں پروفیسر وسیع کرتے ہیں اور انہیں صحافت کے شعبے میں مہارت کے ساتھ کام کرنے کے لیے تیار کرتے ہیں۔پروگرام سے کئی سینئر صحافیوں نے بھی خطاب کیا۔

رمضان المبارک

رمضان المبارک کا با برکت مہینہ جاری ہے۔ یہ وہ مہینہ ہے جس میں خالقِ کا ئنات نے بنی نوع انسان کی ہدایت کیلئے دستور حیات یعنی قرآن مجید نازل فرمایا۔ اس مناسبت سے ماہ رمضان کو شہر القرآن بھی کہا جاتا ہے۔ شہر القرآن کی فضیلت کے بارے میں وادی کے ایک عالم دین مفتی محمد یوسف رضا مصباحی نے آ کا شوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

اوقات نماز

آج ماہِ رمضان المبارک کی 25 تاریخ ہے ۔ اس مہینے کی 26 اور 27 تاریخ کی درمیانی رات "شبِ قدر" کے سلسلے میں وادی بھر کی مساجد، خانقاہوں اور درگاہوں میں شب بیداری کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہوں گے ۔ آثار شریف درگاہ حضرت بل میں شب بیداری کا سب سے بڑا اجتماع منعقد ہو گا جہاں نماز عشاءرات10بجے ادا کی جائے گی ۔ اس سلسلے میں جمونو کشمیر وقف بورڈ کی جانب سے دیگر مساجد اور خانقاہوں میں کل یعنی سوموار کے لئے نماز عشاءکے اوقات مشتہر کئے گئے ہیں۔

آثار شریف جناب صاحب صورہ میں رات 11 بجے، زیارت حضرت پیر دستگیر صاحب ؒ خانیار میں10 بجے ،زیارت حضرت میر سید یعقوب صاحب سونہ وار میں 10 بجے،خانقاہ معلی سرینگر میں10 بجکر 30 منٹ، آثار شریف شہری کلاشپورہ میں 10 بجے، زیارت حضرت مخدوم صاحب سرینگر رات 10 بجے، آثار شریف کعبہ مرگ اننت ناگ میں نماز عشاءرات 10 بجے ادا کی جائے گی ۔

درخشان اندرابی

Residency جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشان اندرابی نے آج جموں کے پر واقع عید گاہ کا دورہ کیا اور عید الفطر کی نماز کی ادائگی کے لئے کئے جا رہے انتظامات Road کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ وقف بورڈ دیگر متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر عید نماز ادا کرنے والوں کے لئے تمام سہولیات دستیاب کرائے گا ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر پر Radiokashmir@gmail.com شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong-----

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

عالمی دن

آج صارفین کے حقوق کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد صارفین کے حقوق ،تحفظ اور منصفانہ تجارت کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔ اس سال کے آج کے دن کا موضوع ہے۔ اس دن کی مناسبت سے آج ملک کے ساتھ ساتھ "Safe Products-Confident Consumes" جموں کشمیر میں بھی کئی تقریبات منعقد ہو رہی ہیں۔

ٹولپ گارڈن

سرینگر میں ایشیاءکا سب سے بڑا ٹولپ گارڈن جسے اندرا گاندھی میموریل ٹولپ گارڈن کے نام سے بھی جانا جاتا ہے کو سیاحوں کیلئے کل یعنی 16 مارچ سے کھولا جائےگا۔اس حوالے سے ڈائریکٹر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ Mat Hoora Masoom (فلوری کلچر کشمیر (مَطہورہ معصوم بات کرتے ہوئے کہا ۔

اس سال بھی سیاحوں کی آرام وآسائش کیلئے کئی سہولیات دستیاب رکھی جا رہی ہیں۔
ڈائریکٹرموصوفہ نے اس حوالے سے جانکاری دیتے ہوئے کہا۔

تعزیت

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اورجموں وکشمیر جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ میرواعظ مولانا ریاض احمد ہمدانی نے وادی کے ایک دینی بزرگ اور زیارت مخدوم صاحب ؒ کے منصب دار پیرزادہ قطب الدین مخدومی رینہ کے انتقال پر گہرے صدمے کا اظہار کیاہے۔

نیشنل کانفرنس

نیشنل کانفرنس کے نائب صدر صوبہ کشمیر احسان پردیسی نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار لوگونکی راحت رسانی کے لئے کام کر رہی ہے ۔آج سرینگر میں پارٹی کی خواتین ورکروں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کی اقتصادی حالت میں بہتری اور بے روزگاری کے خاتمے کے لئے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک عام شہری ظہور احمد صوفی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

پولیس

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے کولگام میں تین ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے اور ان کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار بر آمد کی گئی ہے ۔

مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔

تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

پدم ایوارڈس

حکومت نے پدم ایوارڈس 2027 کے لئے نامزدگیاں اور سفارشات طلب کی ہیں جو 31 جولائی 2026 تک داخل کی جا سکتی ہیں ۔

گیس

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا ہے کہ ملک میں کہیں پر بھی رسوئی گیس کی کمی یا سٹاک ختم ہونے کی کوئی اطلاع نہیں ہے ۔ وزارت نے مزید کہا ہے کہ ریاستوں اور یونین ٹریٹریز کو ترجیحی سیکٹر میں تقسیم کاری کے لئے کمرشل گیس سیلنڈر فراہم کئے جا چکے ہیں اور یہ سیلنڈر اس وقت تیس ریاستوں اور یوٹیز میں دستیاب ہیں ۔

وزارت نے یہ بھی کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی بھی کوئی کمی نہیں ہے تاہم لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ Panic Buying سے احتراز کریں ۔

ایران

خلیج کے خطے میں کشیدگی مزید بڑھ گئی ہے۔ ایران نے، متحدہ عرب امارات پر الزام لگایا ہے کہ وہ ایران کے ٹھکانوں کے خلاف میزائل حملوں کیلئے اپنے علاقے کا استعمال کرنے کی اجازت دے رہا ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی نے الزام لگایا ہے کہ Kharg جزیرے اور ابو موسیٰ پر رات میں جو حملے کئے گئے، وہ HIMARS اور دوبئی کے نزدیک واقع Ras Al Khaimah راکٹ نظام سے کئے گئے تھے۔

ایران کے ساتھ امریکہ اور اسرائیل کی محاذ آرائی کا دائرہ لگاتار بڑھتا جارہا ہے، جس سے خلیج کے خطے میں مزید عدم استحکام کے خدشات پیدا ہو گئے ہیں۔

جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے برسلز کے دو دن کے دورے پر رہیں گے۔ وہ یوروپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ اور نائب صدر Kaya Kallas کی دعوت پر یہ دورہ کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر امور خارجہ سے متعلق کو نسل کی میٹنگ میں یوروپی یونین کے 27 ممبر ملکوں کے وزراءخارجہ کے ساتھ گفتگو کریں گے۔

بارش

کشمیر خطے میں موسم میں آئی تبدیلی کے بعد وادی کے بیشتر علاقوں میں آج صبح سے بارشوں کا سلسلہ جاری ہے ۔ وادی کے بالائی علاقوں سے ہلکی برف باری کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں ۔ مسلسل بارشوں کے بعد سرینگر شہر اور وادی کے دیگر علاقوں میں سڑکوں پر پانی جمع ہو گیا ہے جس کے نتیجے میں لوگوں کو عبور و مرور میں دقتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ۔ سڑکوں پر پانی جمع ہونے کے نتیجے میں ٹریفک جام کے مناظر بھی دیکھنے کو مل رہے ہیں ۔

اس دوران شوپیان سے ہمارے نمائندے جان نثار احمد نے خبر دی ہے کہ ضلعے کے بالائی علاقوں میں کل شام سے ہو رہی برف باری کے بعد مغل روڑ کو گاڑیوں کی آمد ورفت کے لئے فی الحال بند کیا گیا ہے ۔

زوجیلا

کشمیر صوبے کو لداخ خطے سے جوڑنے والی شاہراہ کے زوجیلا پاس کو گاڑیوں کی آمد رفت کے لئے کھولا گیا ہے ۔ یہ سڑک برف باری کے بعد پچھلے چھ روز سے بند تھی ۔ کرگل سے ہمارے نمائندے عنایت علی نے اطلاع دی ہے کہ آج سونہ مرگ سے 2 ہزار سے زائد مسافر گاڑیوں اور تین سو سے زیادہ دیگر گاڑیوں کو لداخ کی طرف جانے کی اجازت دی گئی ۔

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے آج سرینگر میں وادی کے مختلف علاقوں سے آئے کئی وفود کے ساتھ بات چیت کر کے ان کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ جی ایم شاہین نے انہیں یقین دلایا کہ ان کے مطالبات متعلقہ حکام کی نوٹس میں لائے جائیں گے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت11 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 19 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17 اعشاریہ31 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 40 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر39منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ